بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شد کی ادائیگی کی پہچان

حرف کے اوپر، سین کے سرے کی مثل اوپر کو اُٹھے ہوئے تین دندانوں ـّـ کو شد کہتے ہیں۔ شد والا حرف پچھلے حرف سے ملا کر پڑھا جاتا ہے اور اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ: پچھلے حرف کو شد والے حرف کے ساتھ فوراً ملاتے ہوئے ہلکا سا دباؤ پیدا کریں، اور دباؤ کے فوراً ہی بعد شد والے حرف پر موجود حرکت کو مضبوطی سے ادا کریں۔ جیسے: [اَثَّ - اِثَّ - اُثَّ]۔ اور یاد رکھیں! کہ شد والے میم اور نون (مّ نّ) کو پڑھتے وقت غنہ کریں۔ یعنی ناک میں آواز جاری کریں۔ مثلاً: [اَمَّ - اَنَّ]۔

آیئے مشق کیجئے

اَتَّ اِتَّ اُتَّ	اَثَّ اِثَّ اُثَّ	اَمَّ اِمَّ اُمَّ	اَنَّ اِنَّ اُنَّ